وَاجْتَنَبَ مَا اَجْمَعُوْا عَلٰى كَرَاهَتِهٖ وَمَنْ اَخَذَ بِمَا

اور اوس سے بچا جسکے کراہت پر اجماع ہوا ہے اور جسنے مختلف فیہ کو لیا

اخْتَلَفُوْا فِيْهِ فَلَهٗ حَالَانِ اِحْدٰهُمَا اَنْ يَّكُوْنَ الْمُخْتَلَفُ

تو اوسکے لیے دو حال ہیں ایک تو یہ کہ مختلف فیہ اس قسم کا ہو

فِيْهِ مِمَّا يُنْقَضُ الْحُكْمُ بِهٖ فَهٰذَا لَا سَبِيْلَ اِلَى التَّقْلِيْدِ

کہ حکم سے نقیض ہے ایسی مختلف فیہ میں تقلید سے کوئی راہ نہیں ملے

فِيْهِ لِاَنَّهٗ خَطَاٌ مَحْضٌ وَّمَا حُكِمَ فِيْهِ بِالنَّقْضِ اِلَّا

کیونکہ خطا ہی خطا ہے اور اسمیں نقیض کا حکم اسلیے ہی ہوا ہے

لِكَوْنِهٖ خَطَاً بَعِيْدًا مِّنْ نَّفْسِ الشَّرْعِ وَمَاْخَذِهٖ وَرِعَايَةِ

کہ وہ خطا ہے نفس شرع اور ماخذ شرع سے اور شرعی حکم کے رعایت

حُكْمِهِ الثَّانِيَةُ اَنْ يَكُوْنَ مِمَّا لَا يُنْقَضُ الْحُكْمُ بِهٖ فَاِذَا

سے دور ہے اور دوسرا حال یہ ہے کہ اس قسم کا ہو کہ حکم اوس سے نہیں ٹوٹتا تو

بَاْسَ بِفِعْلِهٖ وَلَا بِتَرْكِهٖ اِذَا قَلَّدَ فِيْهِ بَعْضَ الْعُلَمَاءِ

اوس کے کرنے اور نکرنے کا کچھ ڈر نہیں اگر کسی عالم کی تقلید کرے یہ

لِاَنَّ النَّاسَ لَمْ يَزَالُوْا عَلٰى ذٰلِكَ يَسْاَلُوْنَ مَنِ اتَّفَقَ

کیونکہ لوگوں کا ہمیشہ یہی حال رہا ہے کہ جو عالم مل گیا اوسی سے

مِنَ الْعُلَمَاءِ مِنْ غَيْرِ تَقْيِيْدٍ بِمَذْهَبٍ وَلَا اِنْكَارٍ عَلٰى

پوچھ لیا مذہب کی کچھ قید نہ تھی اور نہ کسی سائل پر کوئی

اَحَدٍ مِّنَ السَّائِلِيْنَ اِلٰى اَنْ ظَهَرَتْ هٰذِهِ الْمَذَاهِبُ

انکار تھا یہانتک کہ یہہ مذاہب

وَمُتَعَصِّبُوْهَا مِنَ الْمُقَلِّدِيْنَ فَاِنَّ اَحَدَهُمْ يَتَّبِعُ اِمَامَهٗ

اور متعصب مقلد پیدا ہوئے کیونکہ بعض شخص مقلد ہو کر اپنے ہی امام

مَعَ بُعْدِ مَذْهَبِهٖ عَنِ الْاَدِلَّةِ مُقَلِّدًا لَهٗ فِيْمَا قَالَ

کے قول کی پیروی کرتا ہے باوجودیکہ اوسکا مذہب دلائل سے الگ ہوتا ہے گویا کہ وہ امام

فَكَاَنَّهٗ نَبِيٌّ اُرْسِلَ اِلَيْهِ وَهٰذَا نَاْيٌ عَنِ الْحَقِّ وَبُعْدٌ عَنِ

نبی ہی اوس کے طرف مرسل ہوئے اور یہہ حق سے جدا اور

الصَّوَابِ لَا يَرْضٰى بِهٖ اَحَدٌ مِّنْ اُولِي الْاَلْبَابِ انْتَهٰى

اور صواب سے دور ہے کوئی دانا پسند نہیں کرتا قول تمام ہوا

وَقَالَ مَنْ قَلَّدَ اِمَامًا مِّنَ الْاَئِمَّةِ ثُمَّ اَرَادَ تَقْلِيْدَ غَيْرِهٖ

اور کہا ہے جو شخص کسی ایک امام کا مقلد ہو پھر اور کی تقلید کا ارادہ کرے

فَهَلْ لَهٗ ذٰلِكَ فِيْهِ خِلَافٌ وَالْمُخْتَارُ التَّفْصِيْلُ فَاِنْ كَانَ

تو آیا اسکو یہ جائز ہے اس میں خلاف ہے اور مختار یہہ تفصیل ہے پس اگر وہ

المذهب الذي اراد الانتقال اليه مما ينقض فيه

مذہب جسطرف تقلید کیا چاہتا ہے اس قسم کا ہے کہ اوسمین

الحکم فليس له الانتقال الى حكم يجب نقضه

حکم ٹوٹ جاتا ہے تو اسکو ایسے حکم کے طرف جس کا نقض واجب ہے

فانه لم يجب نقضه الا لبطلانه وان كان المأخذان

انتقال کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ اسکا نقض اسلیے ہی واجب ہوا ہے کہ وہ باطل ہے

متقاربين جاز التقليد والانتقال لان الناس لم

اور اگر دونوں کے ماخذ قریب ہیں تو تقلید اور انتقال دونو جائز ہین کیونکہ صحابہ کے زمانہ سے

يزالوا من زمن الصحابة رض الى ان ظهرت المذاهب

یہانتک کہ یہ چاروں مذہب پیدا ہوئی

الاربعة يقلدون من اتفق من العلماء من غير

لوگوں کا ہمیشہ یہی حال رہا کہ جو عالم ملگیا تقلید کرے کسی ایسے کا

نكير من احد يعتبر انكاره ولو كان ذلك باطلا

انکار نہیں تھا جسکا اعتبار ہو اور اگر ایسی تقلید باطل ہوتے تو

لانكروه والله اعلم بالصواب انتهى واذا تحقق عندك

بے شک وہ اعتراض کرتے واللہ اعلم بالصواب تمام ہوا اور جب تجھکو

ما بيناه علمت ان كل حكم يتكلم فيه المجتهد باجتهاده

ہمارا بیان دلمین بیٹھ گیا تو یہ جان گیا کہ جس حکم مین مجتہد اپنے اجتہاد سے بحث کرتا ہے

منسوب الى صاحب الشرع عليه الصلوة والتسليمات

تو وہ صاحب شرع علیہ الصلوۃ والتسلیمات کے طرف منسوب ہوتا ہے

اما الى لفظه او الى علة ماخوذة من لفظه واذا كان

یا آنحضرت کی فرمودہ کی طرف یا علت کیطرف کہ انکی فرمودہ سے ماخوذ ہوئی ہے جب یہ

عَلٰی ذٰلِکَ فَفِی کُلِّ اجْتِهَادٍ مَقَامَانِ اَحَدُهُمَا اَنَّ صَاحِبَ

اتنا جب ثابت ہوا تو ہر ایک اجتہاد میں دو مقام ہیں ایک تو یہ

الشَّرْعِ هَلْ اَرَادَ بِکَلَامِهٖ هٰذَا الْمَعْنٰی اَوْ غَیْرَهٗ

کہ آیا صاحب شرع نے اپنی کلام سے یہی معنے مراد لیے ہیں یا اور

وَهَلْ نَصَبَ هٰذِهِ الْعِلَّةَ مَدَارًا فِیْ نَفْسِهٖ حِیْنَ مَا تَکَلَّمَ

اور آیا اسی علت کو اپنی دل میں بوقت فرمانے حکم

بِالْحُکْمِ الْمَنْصُوْصِ عَلَیْهِ اَوْ لَا فَاِنْ کَانَ التَّصْوِیْبُ بِالنَّظَرِ

منصوص علیہ کے مدار ٹھہرایا ہے یا نہیں پس اگر باعتبار اسی مقام کے

اِلٰی هٰذَا الْمَقَامِ فَاَحَدُ الْمُجْتَهِدِیْنَ لَا بِعَیْنِهٖ مُصِیْبٌ دُوْنَ

تصویب کی بحث ہوتی ہے تو دو مجتہدین سے بلا تعیین ایک مصیب ہی

الْاٰخَرِ وَثَانِیْهِمَا اَنَّ مِنْ جُمْلَةِ اَحْکَامِ الشَّرْعِ اَنَّهٗ صَلَّی اللّٰهُ

دوسرا نہیں اور دوسرا مقام یہ ہی کہ منجملہ احکام شرعی کے ہے کہ حضرت صلی اللہ

عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلٰی اُمَّتِهٖ صَرِیْحًا اَوْ دَلَالَةً اَنَّهٗ

علیہ وسلم نے اپنی امت سے بالتصریح یا بدلالت یہہ عہد کیا ہے

مَتٰی اخْتَلَفَ عَلَیْهِمْ نُصُوْصُهٗ اَوِ اخْتَلَفَ عَلَیْهِمْ مَعَانِیْ

کہ جب ان پر نصوص مختلف ہو جاویں یا نصوص میں سے کسی نص کے معانی

نَصٍّ مِّنْ نُصُوْصِهٖ فَهُمْ مَّاْمُوْرُوْنَ بِالْاِجْتِهَادِ وَاسْتِفْرَاغِ

مختلف ہو جاویں تو انکو اجتہاد کرنیکا اور ان معانی میں سے حق بات

الطَّاقَةِ فِیْ مَعْرِفَةِ مَا هُوَ الْحَقُّ مِنْ ذٰلِکَ فَاِذَا تَعَیَّنَ عِنْدَ

دریافت کرنے میں خوب طاقت صرف کرنیکا حکم ہے پھر جب مجتہد کو ان میں سے

مُجْتَهِدٍ شَیْءٌ مِّنْ ذٰلِکَ وَجَبَ عَلَیْهِ اتِّبَاعُهٗ کَمَا عَهِدَ

کوئی ایک معنے معین ہو جاویں تو اسکو اسیکا اتباع واجب ہے جیسا کہ ان سے

إليهم أنه متى اشتبه عليهم القبلة في الليلة الظلماء

یہہ عہد کیا کہ جب اُن پر اندھیرے رات مین قبلہ کی جہت مشتبہ ہو جاوے

يجب عليهم أن يتحروا ويصلوا إلى جهة وقع تحريهم

تو اٹکل کرنا واجب ہے اور نماز اودہر پڑہ لیا کرین جدہر اون کے اٹکل قائم ہو

عليها فهذا حكم علقه الشرع بوجود التحري كما علق

ہو پس یہہ وہ حکم ہے کہ شرع نے اٹکل کرنے پر منحصر کیا ہی جیسا

وجوب الصلوة بالوقت وكما علق تكليف الصبي

نماز کے وجوب کو وقت پر منحصر رکہا ہے اور جیسے بچہ کے مکلف ہونیکو اوسکے بالغ

بلوغه فإن كان البحث بالنظر إلى هذا المقام نظر

ہونے پر منحصر فرمایا ہی پس اگر بلحاظ اس مقام کے بحث ہی تو غور کرے

فإن كانت المسئلة مما ينقض فيه اجتهاد المجتهد

پس اگر مسئلہ اس قسم کا ہے کہ اوسمین مجتہد کا اجتہاد ٹوٹتا ہے

فاجتهاده باطل قطعا وإن كان فيها حديث صحيح و

تو یقینًا اسکا اجتہاد باطل ہے اور اگر اوس باب مین حدیث صحیح موجود ہو

قد حكم بخلافه فاجتهاده باطل ظنا وإن كان

اور راوی نے اوسکے خلاف حکم دیا تو اوسکا اجتہاد ظنًا باطل ہے اور اگر

المجتهدان جميعا قد سلكا ما ينبغي لهما أن يسلكاه

دونو مجتہد وہی راستہ چلین جو انکو چلنا چاہیے تہا

ولم يخالفا حديثا صحيحا ولا أمرا ينقض اجتهاد

اور نہ حدیث صحیح کے مخالفت کی ہے اور نہ ایسی امر کے مخالفت کی ہے

القاضي والمفتي في خلافه فهما جميعا على الحق هذا

کہ اُس کے خلاف مین قاضی اور مفتی کا اجتہاد ٹوٹ جاوہی تو وہ دونو صحیح تہا

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بَابُ تَاكِيْدِ الْاَخْذِ بِهٰذِهِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ

حق یہی ہے یہ یاد رکھو واللہ اعلم باب ان چاروں مذہب کی اتباع کی تاکید کا اور

وَالتَّشْدِيْدِ فِيْ تَرْكِهَا وَالْخُرُوْجِ عَنْهَا اِعْلَمْ اَنَّ فِي الْاَخْذِ

ان کے چھوڑنے میں اور ان سے باہر ہونے میں تشدید کا سمجھ لے کہ ان چاروں

بِهٰذِهِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ مَصْلَحَةً عَظِيْمَةً وَفِي الْاِعْرَاضِ

مذاہب کی اتباع بڑی مصلحت ہے اور ان سب سے منحرف

عَنْهَا كُلِّهَا مَفْسَدَةٌ كَبِيْرَةٌ نَحْنُ نُبَيِّنُ ذٰلِكَ بِوُجُوْهٍ

ہونے میں بڑا ہی مفسدہ ہے ہم اسکو کئی طرح سے بیان کرتے ہیں

اَحَدُهَا اَنَّ الْاُمَّةَ اجْتَمَعَتْ عَلٰى اَنْ يَّعْتَمِدُوْا عَلَى

ایک یہ ہی کہ امت اسپر متفق ہے کہ شریعت کی معرفت میں سلف پر

السَّلَفِ فِيْ مَعْرِفَةِ الشَّرِيْعَةِ فَالتَّابِعُوْنَ اعْتَمَدُوْا فِيْ

اعتماد کیا کریں سو تابعیوں نے اس معرفت میں صحابہ پر اعتماد کیا

ذٰلِكَ عَلَى الصَّحَابَةِ وَتَبَعُ التَّابِعِيْنَ اعْتَمَدُوْا عَلَى التَّابِعِيْنَ

اور تبع تابعین نے تابعین پر اعتماد کیا

وَهٰكَذَا فِيْ كُلِّ طَبَقَةٍ اِعْتَمَدَ الْعُلَمَاءُ عَلٰى مَنْ قَبْلَهُمْ

اور اسی طور پر ہر ہر طبقہ کے علماء نے اپنے سے پہلوں پر اعتماد کیا ہے

وَالْعَقْلُ يَدُلُّ عَلٰى حُسْنِ ذٰلِكَ لِاَنَّ الشَّرِيْعَةَ لَا تُعْرَفُ

اور عقل اس امر کو نیک جانتی ہے کیونکہ شریعت بدون نقل اور

اِلَّا بِالنَّقْلِ وَالْاِسْتِنْبَاطِ وَالنَّقْلُ لَا يَسْتَقِيْمُ اِلَّا بِاَنْ

استنباط کی معلوم نہیں ہوتے اور نقل جبھی راست آتی ہے کہ

يَّاْخُذَ كُلُّ طَبَقَةٍ عَمَّنْ قَبْلَهَا بِالْاِتِّصَالِ وَلَا بُدَّ فِي الْاِسْتِنْبَاطِ

ہر طبقہ اپنے سے پہلے متصل طبقہ سے دریافت کرے اور استنباط میں یہ

أَنْ يَعْرِفَ مَذَاهِبَ الْمُتَقَدِّمِينَ لِئَلَّا يَخْرُجَ مِنْ أَقْوَالِهِمْ
ضرور ہے کہ متقدمین کے مذاہب کو سمجھے تاکہ انکی اقوال سے باہر نہ ہوجاوے

فَيَخْرِقَ الْإِجْمَاعَ وَيَبْنِيَ عَلَيْهَا وَيَسْتَعِينَ فِي ذَٰلِكَ
کہ اجماع توڑ جاوی اور اسپر بنا رکھے اور اسمین اپنے سابقین سے

بِمَنْ يَسْبِقُهُ لِأَنَّ جَمِيعَ الصِّنَاعَاتِ كَالصَّرْفِ وَالنَّحْوِ
استعانت ہووی کیونکہ تمام علوم جیسے صرف اور نحو

وَالطِّبِّ وَالشِّعْرِ وَالْحِدَادَةِ وَالنِّجَارَةِ وَالصِّيَاغَةِ لَمْ
اور طبابت اور شعر اور آہنگری اور درودگری اور زرگری کسیکو

يَتَيَسَّرْ لِأَحَدٍ إِلَّا بِمُلَازَمَةِ أَهْلِهَا وَغَيْرُ ذَٰلِكَ نَادِرٌ
بدون خدمت گذاری اہل صناعت کی میسر نہین ہوتی اور اسکے علاوہ نا ممکن

بَعِيدٌ لَمْ يَقَعْ وَإِنْ كَانَ جَائِزًا فِي الْعَقْلِ وَإِذَا تَعَيَّنَ
ہی واقع نہین ہوئے اور اگرچہ عقل کے تجویز مین جائز ہے اور جب سلف کے

الْاِعْتِمَادُ عَلَىٰ أَقَاوِيلِ السَّلَفِ فَلَا بُدَّ مِنْ أَنْ يَكُونَ
اقوال پر اعتماد ٹھہر گیا تو یہ ضرور ہی کہ انکے اقوال

أَقْوَالُهُمُ الَّتِي يُعْتَمَدُ عَلَيْهَا مَرْوِيَّةً بِالْإِسْنَادِ الصَّحِيحِ
جنپر اعتماد ضرور ہے صحیح صحیح سندون سے مروی ہون

أَوْ مُدَوَّنَةً فِي كُتُبٍ مَشْهُورَةٍ وَأَنْ يَكُونَ مَخْدُومَةً
یا مشہور کتابون مین مندرج ہون اور بحث کیے ہوئے ہون

بِأَنْ يُبَيَّنَ الرَّاجِحُ مِنْ مُحْتَمَلَاتِهَا وَيُخَصَّصَ عُمُومُهَا فِي
اس طور کہ انکے تمام احتمالات مین سے راجح کا اور بعض مواضع مین عام مین سے خاص کا

بَعْضِ الْمَوَاضِعِ وَيُقَيَّدَ مُطْلَقُهَا فِي بَعْضِ الْمَوَاضِعِ وَ
اور بعض مواضع مین مطلق مین سے مقید کا بیان ہو اور

تُجْمَعُ الْمُخْتَلَفُ مِنْهَا وَيُبَيَّنُ عِلَلُ أَحْكَامِهَا وَإِلَّا لَمْ يَصِحَّ
انہیں میں سے مختلف کو جمع کیا ہو اور اسکے احکام کے علتون کا بیان ہو اور نہین تو

الِاعْتِمَادُ عَلَيْهَا وَلَيْسَ مَذْهَبٌ فِي هٰذِهِ الْأَزْمِنَةِ
انپر اعتماد صحیح نہوگا اور اس آخری زمانہ مین اسطرح کا مذہب

الْمُتَأَخِّرَةِ بِهٰذِهِ الصِّفَةِ إِلَّا هٰذِهِ الْمَذَاهِبَ الْأَرْبَعَةَ
بجز ان چارون مذہبون کے اور کوئی مذہب نہین ہے

اللّٰهُمَّ إِلَّا مَذْهَبَ الْإِمَامِيَّةِ وَالزَّيْدِيَّةِ وَهُمْ أَهْلُ
مگر امامیہ اور زیدیہ کا مذہب اور وہ دونو

الْبِدْعَةِ لَا يَجُوزُ الِاعْتِمَادُ عَلٰى أَقَاوِيلِهِمْ وَثَانِيهَا قَالَ
بدعتی ہین اُن کے اقوال پہ اعتماد کرنا جائز نہین ہے اور دوسری وجہ

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اتَّبِعُوا السَّوَادَ
یہہ ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اتبعوا کثیر کے

الْأَعْظَمَ وَلَمَّا انْدَرَسَتِ الْمَذَاهِبُ الْحَقَّةُ إِلَّا هٰذِهِ
پیروی کرو اور چونکہ اور مذاہب حقہ بجز ان چارون کے مٹ مٹا گئے

الْأَرْبَعَةَ كَانَ اتِّبَاعُهَا اتِّبَاعًا لِلسَّوَادِ الْأَعْظَمِ وَالْخُرُوجُ
تو انہین کا اتباع سواد اعظم کا اتباع ہے اور اُن سے باہر ہوتا

عَنْهَا خُرُوجًا عَنِ السَّوَادِ الْأَعْظَمِ وَثَالِثُهَا أَنَّ الزَّمَانَ
سواد اعظم سے باہر ہونا ہے اور تیسری یہ وجہ ہی کہ چونکہ

لَمَّا طَالَ وَبَعُدَ الْعَهْدُ وَضُيِّعَتِ الْأَمَانَاتُ لَمْ يَجُزْ أَنْ
مدت دراز کذر گئی اور زمانہ دور ہو گیا اور امانتین جاتی رہین تو ایسا جائز نہین ہے

يُعْتَمَدَ عَلٰى أَقْوَالِ عُلَمَاءِ السُّوءِ مِنَ الْقُضَاةِ الْجَوَرَةِ وَ
کہ کسی نابکار یعنی ظالم قاضیون اور ہواوہوس کے گرفتار مفتیون کے اور

المفتين التابعين لاهواءهم حتى ينسبوا ما يقولون

اقوال پر اعتماد کیا جاوے یہاں تک کہ وہ اپنی قول کو سلف میں سے

إلى بعض من اشتهر من السلف بالصدق والديانة

کسی شخص صدق اور دیانت اور امانت میں مشہور کے طرف

والامانة إما صريحا او دلالة وحفظ قوله ذلك ولا

بصراحت یا بدلالت منسوب کردیں اور اسکا قول محفوظ ہو اور نہ

على قول من لا ندري هل جمع شروط الاجتهاد

ایسے کے قول پر اعتماد کیا جاتا ہے جسکو ہم نہیں جانتے کہ اجتہاد کی شرطیں اسمیں جمع ہوگئی ہیں

أو لا فإذا رأينا العلماء المحققين في مذاهب السلف

یا نہیں پھر جب ہم مذاہب سلف کی محققین علماء کو دیکھیں تو قریب ہے کہ وہ اپنی

عسى أن يصدقوا في تخريجاتهم على أقوالهم واستنباطهم

تخریجات میں سلف کی اقوال سے یا اپنی استنباط میں کتاب اور سنت

من الكتاب والسنة وأما إذا لم نر منهم ذلك فهيهات

سے تصدیق کیے جاویں اور رہا وہ حال کہ ہم انہیں یہہ بات نہ دیکھیں تو تصدیق

وهذا المعنى الذي أشار إليه عمر بن الخطاب حيث

دور ہے اور یہ وہی معنے ہیں کہ عمر بن الخطاب نے جدہر اشارہ کیا ہے جہاں

قال يهدم الاسلام جدال المنافق بالكتاب وابن مسعود

کہا ہے منافق کا جھگڑا کتاب کی ساتھہ اسلام کو برباد کردیتا ہے اور ابن مسعود نے

حيث قال من كان متبعا فليتبع من مضى فما ذهب

اشارہ کیا ہے جہاں کہا ہے جو شخص اتباع کرے تو چاہیے کہ گذری ہوئی کا اتباع کرے پس ابن حزم

إليه ابن حزم حيث قال التقليد حرام ولا يحل لاحد

کا قول یہہ ہے جو کہتا ہے کہ تقلید حرام ہے اور کسیکو حلال نہیں ہے

أَنْ يَأْخُذَ قَوْلَ أَحَدٍ غَيْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

کہ سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی کے قول کو

وَآلِهٖ وَسَلَّمَ بِلَا بُرْهَانٍ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى اتَّبِعُوْا مَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ

بلا دلیل اخذ کرے بدلیل اس آیت کے چلو اوسی پر جو اترا

مِنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖ أَوْلِيَاءَ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى

تم کو تمہارے رب سے اور نہ چلو اُس کے سوا اور رفیقوں کے پیچھے اور بدلیل اس آیت کے

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا

اور جو اُنکو کہیں چلو اُس پر جو اتارا اللہ نے کہیں نہیں بلکہ ہم چلینگے

أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا وَقَالَ تَعَالٰى مَادِحًا لِمَنْ لَمْ يُقَلِّدْ

جس پر دیکھا ہمنے اپنے باپ دادون کو اور اللہ تعالی اُسکی مدح مین جو تقلید نہ کرے

فَبَشِّرْ عِبَادِيَ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ أَحْسَنَهٗ

فرماتا ہے کہ تو خوشی سنا میری بندون کو جو سنتے ہین بات اور چلتے ہین اُسکے نیک پر

أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ هَدَاهُمُ اللّٰهُ وَأُولٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ

وہی ہین جنکو راہ دی اللہ نے اور وہی ہین عقل والے

وَقَالَ تَعَالٰى فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوْهُ إِلَى اللّٰهِ وَ

اور اللہ تعالے فرماتا ہے پھر اگر جھگڑ پڑو تم کسی چیز مین تو اُسکو رجوع کرو اللہ اور

الرَّسُوْلِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَمْ يُبِحِ اللّٰهُ

رسول کیطرف اگر تم یقین رکھتے ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر سو اللہ تعالے نے

تَعَالٰى الرَّدَّ عِنْدَ التَّنَازُعِ إِلٰى أَحَدٍ دُوْنَ الْقُرْآنِ وَالسُّنَّةِ

تنازع کے وقت حادثہ پیش آنے کا بجز قرآن اور حدیث کی کسی طرف صلاح نہیں کیا

وَحَرَّمَ بِذٰلِكَ الرَّدَّ عِنْدَ التَّنَازُعِ إِلٰى قَوْلِ قَائِلٍ لِأَنَّهٗ

اور اسی سے تنازع کے وقت قول قائل کیطرف رد کرنا حرام ہو گیا اس لیے

غَيْرُ الْقُرْآنِ وَالسُّنَّةِ وَقَدْ صَحَّ إِجْمَاعُ الصَّحَابَةِ كُلِّهِمْ
کہ بجز قرآن اور حدیث کی سے ہے اور بیشک تمام صحابہ کا اجماع اول سے آخر تک

أَوَّلِهِمْ عَنْ آخِرِهِمْ وَإِجْمَاعُ التَّابِعِيْنَ أَوَّلِهِمْ عَنْ آخِرِهِمْ
اور تابعین کا اجماع اوّل سے آخر تک

وَإِجْمَاعُ تَبَعِ التَّابِعِيْنَ أَوَّلِهِمْ عَنْ آخِرِهِمْ عَلَى الْامْتِنَاعِ
اور تبع تابعین کا اجماع اول سے آخر تک اس تقلید سے باز رہنے پر

وَالْمَنْعِ مِنْ أَنْ يَّقْصُدَ أَحَدٌ إِلَى قَوْلِ إِنْسَانٍ مِّنْهُمْ
اور منع کرنے پر ثابت ہو چکا ہے کہ کوئی شخص اپنے میں سے کسی انسان کے قول کیطرف

أَوْ مِمَّنْ قَبْلَهُمْ فَيَأْخُذَهُ كُلَّهُ، فَلْيَعْلَمْ مَنْ أَخَذَ بِجَمِيْعِ
یا اپنے سے پہلے کی قول کیطرف قصد کرے پھر تمام اقوال کو اخذ کرے پس جس شخص نے امام

أَقْوَالِ أَبِي حَنِيْفَةَ رح أَوْ جَمِيْعِ أَقْوَالِ مَالِكٍ رح أَوْ جَمِيْعِ أَقْوَالِ
ابو حنیفہ رح کی تمام اقوال یا امام مالک رح کے تمام اقوال یا امام شافعی رح کے

الشَّافِعِيِّ رح أَوْ جَمِيْعِ أَقْوَالِ أَحْمَدَ رح وَلَا يَتْرُكُ قَوْلَ مَنِ
تمام اقوال یا امام احمد کے تمام اقوال اخذ کیے اور انہیں سے یا ان سے

اتَّبَعَ مِنْهُمْ أَوْ مِنْ غَيْرِهِمْ إِلَى قَوْلِ غَيْرِهِ وَلَمْ يَعْتَمِدْ عَلَى
علاوہ اپنے متبوع کا قول چھوڑ کر غیر کا قول نہیں لیتا اور جو قرآن

مَا جَاءَ فِي الْقُرْآنِ وَالسُّنَّةِ غَيْرَ صَارِفٍ ذٰلِكَ إِلَى
اور حدیث میں آیا ہے اسپر اعتماد نہیں کرتا جب تک کہ اوسکو کسی انسان معین کے

قَوْلِ إِنْسَانٍ بِعَيْنِهٖ أَنَّهٗ قَدْ خَالَفَ إِجْمَاعَ الْأُمَّةِ كُلِّهَا
قول کے مطابق کر لے تو وہ خوب سمجھ لے کہ اوسنے تمام امت اول

أَوَّلِهَا عَنْ آخِرِهَا بِيَقِيْنٍ لَا إِشْكَالَ فِيْهِ وَأَنَّهٗ لَا يَجِدُ
سے آخر تک کا یقیناً خلاف کیا اسمیں کوئی شبہ نہیں ہے

لِنَفْسِهٖ سَلَفًا وَّلَا اِمَامًا فِیْ جَمِیْعِ الْاَعْصَارِ الْمَحْمُوْدَةِ

اپنی واسطے ساری تینوں زمانہ محمود میں نہ سلف پاتا ہے

الثَّلٰثَةِ فَقَدِ اتَّبَعَ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ

اور نہ امام سواد سنے بیشک مومنین سے الگ راہ اختیار کی اس درجہ سے

هٰذِهِ الْمَنْزِلَةِ وَاَیْضًا فَاِنَّ هٰؤُلَاۤءِ الْفُقَهَاۤءَ كُلَّهُمْ قَدْ

خدا کی پناہ اور یہ بھی ہے کہ اس تمام جماعت فقہا نے اپنی تقلید سے اور غیر کی تقلید سے

نَهَوْا عَنْ تَقْلِیْدِهِمْ وَتَقْلِیْدِ غَیْرِهِمْ فَقَدْ خَالَفَهُمْ

منع کیا بے شک تو جس نے اُن کی تقلید کی

مَنْ قَلَّدَهُمْ وَاَیْضًا فَمَا الَّذِیْ جَعَلَ رَجُلًا مِّنْ هٰؤُلَاۤءِ

اونکا خلاف کیا اور علی ہذا القیاس ایک یہ بات بھی کہ جسنے اس جماعت

اَوْ مِنْ غَیْرِهِمْ اَوْلٰی بِاَنْ یُّقَلَّدَ مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رض

میں سے یا اُن کے علاوہ ایک شخص کو تقلید کیواسطے عمر بن الخطاب

اَوْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ اَوِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَوِ ابْنِ عُمَرَ اَوِ ابْنِ

یا علی بن ابی طالب یا ابن مسعود یا ابن عمر یا ابن

عَبَّاسٍ اَوْ عَاۤئِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِیْنَ رض فَلَوْ سَاغَ التَّقْلِیْدُ لَكَانَ

عباس یا ام المومنین عائشہ سے اولی کر دیا پس اگر تقلید جائز ہوتی تو اس

كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْ هٰؤُلَاۤءِ اَحَقَّ بِاَنْ یُّتَّبَعَ مِنْ غَیْرِهٖ انتهٰی

جماعت صحابہ میں سے ہر ایک تقلید کے لیے غیر کی نسبت زیادہ سزاوار تھا قول ابن حزم کا

اِنَّمَا یَتِمُّ فِیْمَنْ لَّهٗ ضَرْبٌ مِّنَ الْاِجْتِهَادِ وَلَوْ فِیْ مَسْئَلَةٍ

تمام ہوا یہ قول اوس ہی شخص کے حق میں پورا ہوتا ہے جسکو کچھ اجتہاد حاصل ہو اگرچہ ایک مسئلہ

وَّاحِدَةٍ وَّفِیْمَنْ ظَهَرَ عَلَیْهِ ظُهُوْرًا بَیِّنًا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی

میں ہو اور اسکے حق میں جسپر خوب ظاہر ہو جاوے کہ نبی صلی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِكَذَا وَنَهَى عَنْ كَذَا وَأَنَّهُ

صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ امر فرمایا ہے اور یہ منع کیا ہے اور یہ

لَيْسَ بِمَنْسُوْخٍ إِمَّا بِأَنْ يَّتَتَبَّعَ الْأَحَادِيْثَ وَأَقْوَالَ

منسوخ نہیں ہے یا تو احادیث کی تتبع اور مسائل میں مخالف اور

الْمُخَالِفِ وَالْمُوَافِقِ فِي الْمَسْئَلَةِ فَلَا يَجِدُ لَهَا نَسْخًا أَوْ بِأَنْ

موافق اقوال کے تلاش سے ظاہر ہو جاوے کہ اسکا نسخ کہیں نہ ملے

يَرَى جَمًّا غَفِيْرًا مِّنَ الْمُتَبَحِّرِيْنَ فِي الْعِلْمِ يَذْهَبُوْنَ إِلَيْهِ

یا اس طور کہ علم کے متبحر انبوہ کثیر کو دیکھتا ہے کہ سب اسی کو اختیار کرتے

وَيَرَى الْمُخَالِفَ لَهُ لَا يَحْتَجُّ إِلَّا بِقِيَاسٍ أَوِ اسْتِنْبَاطٍ أَوْ

رکھتا ہے اور اسکے مخالف کو دیکھتا ہے کہ وہ صرف قیاس یا استنباط وغیرہ ہی سے

نَحْوِ ذٰلِكَ فَحِيْنَئِذٍ لَا سَبَبَ لِمُخَالَفَةِ حَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى

حجت لاتا ہے اس صورت میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حدیث کے مخالفت

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ إِلَّا نِفَاقٌ خَفِيٌّ أَوْ حُمْقٌ جَلِيٌّ

کا کوئی سبب نہیں ہے بجز پوشیدہ نفاق کے یا ظاہر حماقت کے

وَهٰذَا هُوَ الَّذِيْ أَشَارَ إِلَيْهِ الشَّيْخُ عِزُّ الدِّيْنِ بْنُ عَبْدِ

اور یہ وہی مضمون ہے کہ شیخ عزالدین بن عبد السلام نے ادھر اشارہ

السَّلَامِ حَيْثُ قَالَ وَمِنَ الْعَجَبِ الْعَجِيْبِ أَنَّ الْفُقَهَاءَ

کیا ہے کیونکہ کہا ہی بڑا ہی عجیب ہے کہ بعضے مقلد فقہاء

الْمُقَلِّدِيْنَ يَقِفُ أَحَدُهُمْ عَلَى ضُعْفِ مَأْخَذِ إِمَامِهٖ بِحَيْثُ لَا يَجِدُ

اونکی امام کے ایسے ضعیف ماخذ پر واقف ہوتے ہیں

لِضُعْفِهٖ مَدْفَعًا وَهُوَ مَعَ [illegible] يُقَلِّدُهٗ فِيْهِ وَيَتْرُكُ

کہ اسکے ضعف کی دفع کی کوئی صورت نہیں ملتی اور باوجود اسکے اسی مسئلہ میں اسکی تقلید کیے جاتے

من شهد الكتاب والسنة والأقيسة الصحيحة

ہیں اور جنکے مذاہب کی کتاب اور سنت اور صحیح قیاس شہادت

لمذهبهم جمودا على تقليد إمامه بل يحتال لدفع

دیتے ہیں اسکو اپنے امام کی تقلید پر تعصب کرتے ہیں بلکہ ظاہر کتاب اور سنت کے

ظاهر الكتاب والسنة ويتأولها بالتأويلات البعيدة

دفع کے لیے حیلے سوچتے ہیں اور اُنکے دور از کار اور باطل تاویلیں

الباطلة نضالا عن مقلده وقال لم يزل الناس يسألون

کرتے ہیں تاکہ اپنے امام کیطرف سے تیر اندازی کرے اور کہا ہے ہمیشہ لوگ علماء میں سے

من اتفق من العلماء من غير تقييد المذهب ولا إنكار

جو ملگیا پوچھتے رہے ہیں نہ تو مذہب کی کچھ قید تھی اور نہ پوچھنے والوں میں سے کسیپر

على أحد من السائلين إلى أن ظهرت هذه المذاهب

کچھ اعتراض تھا یہانتک کہ یہ مذاہب اور ان مذاہب

ومتعصبوها من المقلدين فإن أحدهم يتبع إمامه

کے متعصب مقلد پیدا ہوگئے بیشک کوئی کوئی مقلد اپنے امام کا اتباع

مع بعد مذهبه عن الأدلة مقلدا له فيما قال كأنه

کرتا ہے باوجودیکہ اسکا مذہب دلائل سے بہت الگ ہی جو اسنے کہدیا اسکا مقلد رہتا ہے

نبي أرسل وهذا نأي عن الحق وبعد عن الصواب لا يرضى

گویا کہ امام ہی مرسل ہے اور یہ تو حق سے علیحدگی اور صواب سے دوری ہے اسکو

به أحد من أولي الألباب وقال الإمام أبو شامة ينبغي

دانا آدمی کوئی پسند نہیں کرتا اور امام ابوشامہ کہتے ہیں کہ جو متبحر فقہ میں

لمن اشتغل بالفقه أن لا يقتصر على مذهب إمام و

مشغول رہے اوسکو مناسب ہی کہ ایک امام کے مذہب پر حصر نہ کردے اور

وَيَعْتَقِدَ فِي كُلِّ مَسْئَلَةٍ صِحَّةَ مَا كَانَ أَقْرَبَ إِلَى دَلَالَةِ

ہر مسئلہ میں صحیح اوسیکو سمجھے جو کتاب اور سنت محکمہ

الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ الْمُحْكَمَةِ وَذٰلِكَ سَهْلٌ عَلَيْهِ إِذَا

کی دلیل سے قریب تر ہو اور یہ بات اسپر بہت آسان ہے اگر

كَانَ أَتْقَنَ مُعْظَمَ الْعُلُومِ الْمُتَقَدِّمَةِ وَلْيَجْتَنِبِ التَّعَصُّبَ

وہ شخص علوم متقدمہ کے معظم امور کو خوب ضبط کرے اور مناسب ہے کہ تعصب

وَالنَّظَرَ فِي طَرَائِقِ الْخِلَافِ فَإِنَّهَا مُضَيِّعَةٌ لِلزَّمَانِ وَ

سے اور طرائق میں خلاف ڈالنے کر سکنے سے بچتا رہے کیونکہ اس میں اوقات ضائع اور

لِصَفْوِهِ مُكَدِّرَةٌ فَقَدْ صَحَّ عَنِ الشَّافِعِيِّ أَنَّهُ نَهَى عَنْ

صاف وقت مکدر ہوتا ہے کیونکہ بیشک امام شافعی رح سے ثابت ہو چکا ہے کہ انہوں نے اپنی

تَقْلِيدِهِ وَغَيْرِهِ قَالَ صَاحِبُهُ الْمُزَنِيُّ فِي أَوَّلِ مُخْتَصَرِهِ

تقلید اور غیر کی تقلید سے منع کیا مزنی انکا شاگرد اپنی کتاب مختصر کے اول

اخْتَصَرْتُ هٰذَا مِنْ عِلْمِ الشَّافِعِيِّ وَمِنْ مَعْنَى قَوْلِهِ

میں کہتا ہے میں نے اسکو شافعی رح کے علم میں سے مختصر کیا ہی اور انکے اس قول کے معنے میں سے

لِأُقَرِّبَهُ عَلَى مَنْ أَرَادَهُ مَعَ إِعْلَامِيهِ نَهْيَهُ عَنْ تَقْلِيدِهِ

لاقربہ علی من اراد با وجود یکہ میں اسکو جتادیتا ہوں کہ امام شافعی رح اپنی تقلید سے

وَتَقْلِيدِ غَيْرِهِ لِيَنْظُرَ فِيهِ لِدِينِهِ وَيَحْتَاطَ لِنَفْسِهِ أَيْ

اور غیر کی تقلید سے منع کیا ہے چاہیے کہ اس مختصر میں اپنی دین کے واسطے غور اور اپنی نفس کے لیے احتیاط

مَعَ إِعْلَامِي مَنْ أَرَادَ عِلْمَ الشَّافِعِيِّ نَهْيَ الشَّافِعِيِّ عَنْ

کرے یعنے جو شخص شافعی کا علم مقصود رکھتا ہے اوسکو جتا دیتا ہوں

تَقْلِيدِهِ وَتَقْلِيدِ غَيْرِهِ انْتَهَى وَفِيمَنْ يَكُونُ عَامِّيًا وَيُقَلِّدُ

کہ شافعی نے اپنی تقلید اور غیر کی تقلید سے منع کیا ہی انتہی اور اسکے حق میں جو عامی ہو اور

رَجُلاً مِّنَ الْفُقَهَاءِ بِعَيْنِهٖ يَرٰى أَنَّهٗ يَمْتَنِعُ مِنْ مِّثْلِهِ

فقہا میں سے کسی ایک شخص کی تقلید کرے یہہ سمجھکر کہ ایسی

الْخَطَاءُ وَأَنَّ مَا قَالَهٗ هُوَ الصَّوَابُ الْبَتَّةَ وَأَضْمَرَ فِيْ قَلْبِهٖ

شخص سے خطا محال ہے اور یہ جو کہتا ہے سو البتہ صواب ہی اور اپنی دل میں یہ

أَنْ لَّا يَتْرُكَ تَقْلِيْدَهٗ وَإِنْ ظَهَرَ الدَّلِيْلُ عَلٰى خِلَافِهٖ

بات پوشیدہ رکھی کہ اسکے تقلید نہ چھوڑونگا اگرچہ اسکے خلاف پر دلیل قائم ہوجاوے

وَذٰلِكَ مَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ أَنَّهٗ

اور اسکی دلیل یہ ہی جو ترمذی عدی بن حاتم سے روایت کرتا ہے عدی

قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

بن حاتم کہتا ہی کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو سنا کہ یہہ آیت

يَقْرَأُ اِتَّخَذُوْا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ

پڑہتے تھے ٹھہرالیے ہیں اپنے عالم اور درویش خدا اللہ کو چھوڑکر

اللّٰهِ قَالَ إِنَّهُمْ لَمْ يَكُوْنُوْا يَعْبُدُوْنَهُمْ وَلٰكِنَّهُمْ كَانُوْا

فرمایا کہ وہ لوگ انکی پرستش تو نہیں کرتے تھے پر انکا یہہ

إِذَا أَحَلُّوْا لَهُمْ شَيْئًا اسْتَحَلُّوْهُ وَإِذَا حَرَّمُوْا عَلَيْهِمْ شَيْئًا

حال تھا کہ جب کسی شے کو ان کیواسطے وہ حلال کردیتے اسکو حلال جانتے اور جب اونپر کوئی چیز

حَرَّمُوْهُ وَفِيْمَنْ لَّا يُجَوِّزُ أَنْ يَّسْتَفْتِيَ الْحَنَفِيُّ مَثَلًا فَقِيْهًا

حرام کردیتے تو اسکو حرام کرلیتے اور اسکے حق میں جو یہ جائز نہیں رکھتا کہ حنفی شخص مثلاً

شَافِعِيًّا وَّبِالْعَكْسِ وَلَا يُجَوِّزُ أَنْ يَّقْتَدِيَ الْحَنَفِيُّ بِإِمَامٍ

فقیہ شافعی سے فتویٰ لے اور اسکے برعکس یعنے شافعی حنفی سے اور یہ جائز نہیں کہتا کہ حنفی شخص شافعی

شَافِعِيٍّ مَثَلًا فَإِنَّ هٰذَا قَدْ خَالَفَ إِجْمَاعَ الْقُرُوْنِ الْأُوْلٰى

مذہب امام کا مثلاً مقتدی ہوجاوی کیونکہ بیشک اسنے قرون اولی کے اجماع کا خلاف کیا

وناقض الصحابة والتابعين وليس محله فيمن لا يدين

اور صحابہ اور تابعین سے مناقضہ کیا اور قول ابن حزم کا محل اُسکے

إلا بقول النبي صلى الله عليه وسلم ولا يعتقد

حق مین نہین جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمودہ کی سوا دین نہین ٹھہراتا اور بجز اسکے

حلالا إلا ما أحله الله ورسوله ولا حراما إلا ما

حلال نہین جانتا جو اللہ نے اور اُسکے رسول نے حلال کیا ہے اور نہ سوا اُسکے حرام جانتا

حرمه الله ورسوله لكن لما لم يكن له علم بما قاله

ہے جو اللہ نے اور اُسکے رسول نے حرام کر دیا لیکن چونکہ اُسکو نبی صلعم کے

النبي صلى الله عليه وآله وسلم ولا بطريق الجمع

فرمودہ کا علم نہین تھا اور نہ حضرت کے

بين المختلفات من كلامه ولا بطريق الاستنباط من

کلام مین سے طریق الجمع مین المختلفات کا علم تھا اور نہ حضرت کی کلام مین سے طریق استنباط

كلامه اتبع عالما راشدا على أنه مصيب فيما يقول

کا علم تھا تو عالم راہ بتانیوالے کا مقلد ہو گیا اس خیال پر کہ یہ اپنی قول مین صواب

ويفتي ظاهرا متبع سنة رسول الله صلى الله عليه

پر ہے اور رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سنت کا تابع ہو کر ظاہر فتوی دیتا

وآله وسلم فإن ظهر خلاف ما يظنه أقلع من ساعته

ہے پھر اگر کبھی اسکے مظنون کا خلاف ظاہر ہو جاوے تو

من غير جدال ولا إصرار فهذا كيف ينكره

اسیوقت اُکھڑ جاوے اور بجہہ اصرار و جھگڑا نا کرے ایسا شخص اسکا کوئی انکار کیونکر کر سکتا ہے

أحد مع أن الاستفتاء والإفتاء لم يزل بين المسلمين

اور باوجود یکہ استفتا لینا اور فتوی دینا مسلمانون مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے

مِنْ عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَا فَرْقَ بَيْنَ

وقت سے ہمیشہ چلا آیا ہے اور اس میں کچھ

أَنْ يَسْتَفْتِيَ هٰذَا دَائِمًا أَوْ يَسْتَفْتِيَ هٰذَا حِيْنًا بَعْدَ

فرق نہیں ہے کہ فتویٰ ہمیشہ اس سے لیا کرے یا کبھی کبھی لیا کرے بعد اسکے

أَنْ يَكُوْنَ مُجْمَعًا عَلٰى مَا ذَكَرْنَاهُ كَيْفَ لَا وَلَمْ نُؤْمِنْ بِفَقِيْهٍ

کہ وہ ہمارے ذکر کئے ہوئے پر متفق ہو گیا ہو اور یہ امر کیونکر نہ ہو حالانکہ ہم

أَيًّا كَانَ أَنَّهٗ أَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ الْفِقْهَ وَفَرَضَ عَلَيْنَا طَاعَتَهٗ

کسی فقیہ پر کوئی ہو یہ ایمان نہیں لائے ہیں کہ اللہ نے فقہ اسکو بذریعہ وحی کے پہنچی ہے اور

وَأَنَّهٗ مَعْصُوْمٌ فَإِنِ اقْتَدَيْنَا بِوَاحِدٍ مِّنْهُمْ فَذٰلِكَ

ہم پر اسکی اطاعت فرض کر دی ہے اور یہ فقیہ معصوم ہے پس اگر ہم ان میں سے کسی فقیہ کے مقلد

لِعِلْمِنَا أَنَّهٗ عَالِمٌ بِكِتَابِ اللّٰهِ وَسُنَّةِ رَسُوْلِهٖ فَلَا يَخْلُوْ

ہوتے ہیں تو یہ تقلید اسلئے ہے کہ ہم جانتے ہیں کہ یہ فقیہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ سے آگاہ ہے

قَوْلُهٗ إِمَّا أَنْ يَكُوْنَ مِنْ صَرِيْحِ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ أَوْ مُسْتَنْبَطًا

سو انکا قول اس سے خالی نہیں کہ یا تو صریح کتاب اور سنت سے ماخوذ ہوگا یا ان دونو

عَنْهُمَا بِنَحْوٍ مِّنَ الْاِسْتِنْبَاطِ أَوْ عُرِفَ بِالْقَرَائِنِ أَنَّ الْحُكْمَ

سے کسی طرح کی استنباط کے ذریعہ سے مستنبط ہوگا یا تتبع یا بواسطہ قرائن کے جان لیا ہوگا کہ

فِيْ صُوْرَةٍ مَّا مَنُوْطٌ بِعِلَّةٍ كَذَا وَاطْمَأَنَّ قَلْبُهٗ بِتِلْكَ

فلانے صورت میں حکم فلانے علت سے متعلق ہے اور اس معرفت پر انکی خاطر جمع

الْمَعْرِفَةِ فَقَاسَ غَيْرَ الْمَنْصُوْصِ فَكَأَنَّهٗ يَقُوْلُ ظَنَنْتُ

ہو گئی ہو لی سو اس نے غیر منصوص حکم کو منصوص پر قیاس کر لیا ہے پس گویا کہ یہ کہتا ہے میں نے بہ سبب گمان

أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ كُلَّمَا وَجَدْتُ

کر لیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے جب یہ علت

هٰذِهِ الْعِلَّةَ فَالْحُكْمُ ثَمَّهُ هٰكَذَا وَالْمَقِيسُ مُنْدَرِجٌ فِي
پاس جاوے تو اُس جگہہ یہہ ہی حکم ہے اور مقیس اس عموم کے

هٰذَا الْعُمُومِ فَهٰذَا اَيْضًا مَعْزُوٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
تلے داخل ہے سو یہہ بہی نبی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کیطرف

وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلٰكِنْ فِي طَرِيقِهٖ ظُنُونٌ وَلَوْلَا ذٰلِكَ
منسوب ہی لیکن اُسکے اس راہ مین ظن ہے اور اگر ایسا نہوتا

لَمَا قَلَّدَ مُؤْمِنٌ مُجْتَهِدًا فَاِنْ بَلَغَنَا حَدِيثٌ مِنَ الرَّسُولِ
تو کوئی مومن کسی مجتہد کا مقلد نہوتا پس اگر ہمکو رسول معصوم صلے اللہ علیہ وسلم کے حدیث

الْمَعْصُومِ الَّذِي فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْنَا طَاعَتَهٗ بِسَنَدٍ
جسکے طاعت اللہ نے ہمپر فرض کے ہی صحیح سندسی

صَالِحٍ يَدُلُّ عَلٰى خِلَافِ مَذْهَبِهٖ وَتَرَكْنَا حَدِيثَهٗ
ایسی ملجاوے کہ اوس فقیہہ کی مذہب کی خلاف پر دلالت کرتے ہو اور ہم اوس حدیث کو ترک

وَاتَّبَعْنَا ذٰلِكَ التَّخْمِينَ فَمَنْ اَظْلَمُ مِنَّا وَمَا عُذْرُنَا يَوْمَ
کرین اور اس ظن اور تخمین کے ہی تابع رہین تو ہم سے بڑا ظالم کون ہی اور ہمارا عذر قیامت

يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِينَ **بَابٌ** اِخْتِلَافِ النَّاسِ
کے دن کیا ہوگا باب لوگون کے اختلاف کا

فِي الْاَخْذِ بِهٰذِهِ الْمَذَاهِبِ الْاَرْبَعَةِ وَمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ
ان چارون مذاہب کی تقلید مین اور اس سے انپر کیا واجب ہوجاتا ہے

مِنْ ذٰلِكَ اِعْلَمْ اَنَّ النَّاسَ فِي الْاَخْذِ بِهٰذِهِ الْمَذَاهِبِ
سمجہلے کہ لوگ ان مذہب کے تقلید کرنے مین

عَلٰى اَرْبَعَةِ مَنَازِلَ وَلِكُلٍّ قَوْمٍ حَدٌّ لَا يَجُوزُ اَنْ يَتَعَدَّوْا
چار قسم پر ہین اور ہر قوم کے لیے یعنے ہر قسم کے لیے ایک حد معین ہے کہ انکو اوس سے بڑہنا جایز نہیں

أَحَدُهَا مَرْتَبَةُ الْمُجْتَهِدِ الْمُطْلَقِ الْمُنْتَسِبِ إِلَى صَاحِبِ مَذْهَبٍ

ایک مرتبہ مجتہد مطلق کا ہے کہ ان مذاہب میں سے

مِنْ تِلْكَ الْمَذَاهِبِ وَثَانِيهَا مَرْتَبَةُ الْمُخَرِّجِ وَهُوَ الْمُجْتَهِدُ

کسی اہل مذاہب کیطرف منتسب ہوتا ہے اور دوسرا مخرج کا مرتبہ ہی اور وہ مجتہد

فِي الْمَذْهَبِ وَثَالِثُهَا مَرْتَبَةُ الْمُتَبَحِّرِ فِي الْمَذْهَبِ الَّذِي حَفِظَ

فی المذہب ہوتا ہی اور تیسرا متبحر فی المذہب کا مرتبہ ہی جو کہ

الْمَذْهَبَ وَأَتْقَنَهُ وَهُوَ يُفْتِي بِمَا أَتْقَنَ وَحَفِظَ مِنْ مَذْهَبِ

مذہب کو خوب محفوظ رکھتا ہے اور منضبط کر لیا ہی اور وہ انضباط اور اپنی اصحاب کے حفظ

أَصْحَابِهِ وَرَابِعُهَا الْمُقَلِّدُ الصِّرْفُ الَّذِي يَسْتَفْتِي عُلَمَاءَ

مذہب کی موافق فتوی دیتا ہے اور چوتہا صرف مقلد ہے جو کہ مذاہب کی علماء سی فتوے

الْمَذَاهِبِ وَيَعْمَلُ عَلَى فَتْوَاهُمْ وَكُتُبُ الْقَوْمِ مَشْحُونَةٌ بِشُرُوطِ

پوچھتا ہے اور انکے فتوی پر عمل کرتا ہی اور فقہاء کی کتابیں

كُلِّ مَنْزِلٍ وَأَحْكَامِهِ إِلَّا أَنَّ مِنَ النَّاسِ مَنْ لَا يُمَيِّزُ

ہر مرتبہ کی شرطوں اور احکام سے بہ رہیں لیکن بعضی ایسی آدمی ہیں کہ ان مراتب میں

بَيْنَ الْمَنَازِلِ فَيَتَخَبَّطُ فِي تِلْكَ الْأَحْكَامِ وَيَظُنُّهَا مُتَنَاقِضَةً

تمیز نہیں کرتے پہر وہ ان احکام میں خبطی بن جاتے ہیں اور ان مراتب کو متناقض

فَأَرَدْنَا أَنْ نَجْعَلَ لِكُلِّ مَنْزِلٍ فَصْلًا وَنُشِيرَ إِلَى أَحْكَامِ

گمان کرتے ہیں سو ہمنے یہ ارادہ کیا ہی کہ ہر مرتبہ کے جداگانہ فصل بنادیں اور ہر مرتبہ

كُلِّ مَنْزِلٍ عَلَى حِدَةٍ فَصْلٌ فِي الْمُجْتَهِدِ الْمُطْلَقِ الْمُنْتَسِبِ

کے احکام کیطرف الگ الگ اشارہ کردیں فصل مجتہد مطلق منتسب کی حال میں

وَقَدْ قَدَّمْنَا شَرْطَهُ فَلَا نُعِيدُهُ وَحَاصِلُ كُلِّ ذَلِكَ

اوسکی شرط ہم پہلے بیان کرچکے ہیں سو اب نہیں دہرائی اور حاصل سب شرطوں کا

أَنَّهُ الْجَامِعُ بَيْنَ عِلْمِ الْحَدِيثِ وَالْفِقْهِ الْمَرْوِيِّ عَنْ أَصْحَابِهِ

حاصل یہ ہی کہ مجتہد مطلق منتسب ہوتا ہی کہ جامع ہو علم حدیث اور فقہ میں جو اسکی اساتذہ سی مروی ہی

وَأُصُولِ الْفِقْهِ كَحَالِ كِبَارِ الْعُلَمَاءِ مِنَ الشَّافِعِيَّةِ وَهُمْ

اور اصول فقہ میں جیسے شافعی مذہب میں بڑے بڑے علمار کا حال تھا اور

وَإِنْ كَانُوا كَثِيرِينَ فِي أَنْفُسِهِمْ لَكِنَّهُمْ أَقَلُّونَ بِالنَّظَرِ

اگرچہ یہ علما اپنی گنتی میں بہت ہیں پر اور مراتب کی نسبت بہت تھوڑے ہی

إِلَى الْمَنَازِلِ الْأُخْرَى حَاصِلُ صَنِيعِهِمْ عَلَى مَا اسْتَقْرَأْنَا

ہیں اور انکی عمل در آمد کا حاصل ہماری تلاش کے موافق

مِنْ كَلَامِهِمْ أَنْ تُعْرَضَ الْمَسَائِلُ الْمَنْقُولَةُ عَنْ مَالِكٍ

جو انکی کلام سے ہوتی ہے یہ ہی کہ مسائل کا پیش کرنا جو کہ امام مالک

وَالشَّافِعِيِّ وَأَبِي حَنِيفَةَ وَالثَّوْرِيِّ وَغَيْرِهِمْ مِنَ الْمُجْتَهِدِينَ

اور امام شافعی اور ابو حنیفہ اور ثوری وغیرہ مقبول مجتہدوں کے منقول ہے

الْمَقْبُولَةِ وَمَذَاهِبِهِمْ وَفَتَاوَاهُمْ عَلَى مُوَطَّأِ مَالِكٍ

اور انکی مذاہب اور فتووں کا پیش کرنا امام مالک کی موطا پر

وَالصَّحِيحَيْنِ ثُمَّ عَلَى أَحَادِيثِ التِّرْمِذِيِّ وَأَبِي دَاوُدَ

اور صحیحین یعنے مسلم اور بخاری پر تھا پھر انکے بعد ترمذی اور ابو داؤد کے

فَأَيُّ مَسْأَلَةٍ وَافَقَهَا السُّنَّةُ نَصًّا أَوْ إِشَارَةً أَخَذُوا

حدیثوں پر پھر جو مسئلہ سنت سی باعتبار نص کے یا اشارہ کی موافق نکلتا

بِهَا وَعَوَّلُوا عَلَيْهَا وَأَيُّ مَسْأَلَةٍ خَالَفَهَا السُّنَّةُ مُخَالَفَةً

تو اسکو لے لیتے اور اسپر اعتماد کرتے اور جو مسئلہ سنت کے صریح خلاف ہوتا

صَرِيحَةً رَدُّوهَا وَتَرَكُوا الْعَمَلَ بِهَا وَأَيُّ مَسْأَلَةٍ اخْتَلَفَتْ

اسکو رد کرتے اور اسپر عمل ترک کرتے اور جب مسئلہ میں حدیثیں

فِيهَا الْأَحَادِيثُ وَالْآثَارُ اجْتَهَدُوا فِي تَطْبِيقِ بَعْضِهَا

اور سارے مختلف ہوتے تو انکی تطبیق مین ایک کو ایک سے اجتہاد کرتے

بِبَعْضٍ إِمَّا بِجَعْلِ الْمُفَسَّرِ قَاضِيًا عَلَى الْمُبْهَمِ وَتَنْزِيلِ كُلِّ حَدِيثٍ

یا تو مفسر کو مبہم کا حکم ٹہراتے تھے اور ہر حدیث

عَلَى صُورَةٍ أَوْ غَيْرِ ذَلِكَ فَإِنْ كَانَتْ مِنْ بَابِ السُّنَنِ

کو ایک صورت پہ قائم کرتے یا اور کچھہ کرتے پس اگر مسئلہ مسنون ہونے

وَالْآدَابِ فَالْكُلُّ سُنَّةٌ وَإِنْ كَانَتْ مِنْ بَابِ

یا آداب ہونیکا ہوتا تو وہ سب مسنون ہوتے اور اگر مسئلہ

الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ أَوْ مِنْ بَابِ الْقَضَاءِ وَاخْتَلَفَتْ

حلت اور حرمت کا یا در باب قضا ہوتا اور اسکی مین

فِيهَا الصَّحَابَةُ وَالتَّابِعُونَ وَالْمُجْتَهِدُونَ جَعَلُوهَا عَلَى

صحابہ اور تابعی اور مجتہد مختلف ہوتے تو اسکو

قَوْلَيْنِ أَوْ عَلَى أَقْوَالٍ وَلَمْ يُنْكِرُوا عَلَى أَحَدٍ فِيمَا أَخَذَ

دو قول پر یا کئی قولون پر ٹہراتے اور کسیپر اعتراض نکرتے تھے اسمین کہ

مِنْهَا وَرَأَوْا فِي الْأَمْرِ سَعَةً إِذَا كَانَ يَشْهَدُ الْحَدِيثُ

اوسنے جو قول اختیار کر لیا اور اوس امر مین فراخی تجویز کرتے جبکہ حدیث اور

وَالْآثَارُ لِكُلِّ جَانِبٍ ثُمَّ اسْتَفْرَغُوا جُهْدَهُمْ فِي مَعْرِفَةِ

آثار ہر جانب کی شاہد ہوتے پھر وہ اپنی محنت کو اوسے

الْأَوْلَى وَالْأَرْجَحِ إِمَّا بِقُوَّةِ الرِّوَايَةِ أَوْ بِعَمَلِ أَكْثَرِ

اور اغلب کے دریافت مین خوب صرف کرتے وہ اولویت یا رجحان کی قوت سے ہوتے یا اکثر

الصَّحَابَةِ أَوْ كَوْنِهِ مَذْهَبَ جُمْهُورِ الْمُجْتَهِدِينَ أَوْ مُوَافِقًا

صحابہ کی عمل کرنے سے یا اس سبب سے کہ جمہور مجتہدون کا مذہب ہوگیا یا قیاس سے

لِلْقِيَاسِ كَفِتْيَا لَنَظَائِرِهِ ثُمَّ عَمِلُوا بِذٰلِكَ الْأَقْوٰى مِنْ غَيْرِ نَكِيرٍ
اپنی نظیروں کے موافق ہوگیا پھر اس اقوے پر عمل کرتے کسیپر اعتراض نہیں تھا

عَلٰى أَحَدٍ مِّمَّنْ أَخَذَ بِالْقَوْلِ الْآخَرِ فَإِنْ لَّمْ يَجِدُوْا فِي الْمَسْئَلَةِ
جسنے دوسرا قول یعنے مرجوح اختیار کرلیا پس اگر مسئلہ میں ان طبقوں میں سے

حَدِيْثًا مِّنْ تِيْنِكَ الطَّبَقَتَيْنِ أَجَالُوْا فِكْرَهُمْ فِي شُرُوْحِ أَهْلِ
حدیث نہ پاتے تو اپنی فکر کے شروں کو تیسرے طبقہ کے ظاہر

أَقْوَالِهِمْ مِّنَ الطَّبَقَةِ الثَّالِثَةِ مِنْ كُتُبِ الْحَدِيْثِ وَإِلٰى مَا
اقوال میں حدیث کی کتابوں سے اور جو دلیل اور علت انکی

يُفْهَمُ مِنْ كَلَامِهِمْ مِّنَ الدَّلِيْلِ وَالتَّعْلِيْلِ فَإِذَا اطْمَأَنَّ
کلام سے مفہوم ہوتے انمیں جولانے دیتی پھر کسی بات پر اگر انکی خاطر

الْخَاطِرُ بِشَيْئٍ أَخَذُوْا بِهِ فَإِنْ لَّمْ يَطْمَئِنَّ بِشَيْئٍ مِّمَّا ذَكَرُوْهُ
جمع ہوجاتے تو وہی اختیار کرتے اور اگر کسی بات پر انکی مذکوران میں سے اطمینان نہوتا

وَاطْمَأَنَّ بِغَيْرِهٖ وَكَانَتِ الْمَسْئَلَةُ مِمَّا يَنْفُذُ فِيْهِ اجْتِهَادُ
اور اسکی غیر پر اطمینان ہوجاتا اور وہ مسئلہ بھی اس قسم کا ہوتا جسمیں مجتہد کے اجتہاد کا

الْمُجْتَهِدِ وَلَمْ يَسْبِقْ فِيْهِ إِجْمَاعٌ وَقَامَ عِنْدَهُمُ الدَّلِيْلُ الصَّرِيْحُ
دخل ہووے اور اس میں اجماع نہوا ہو اور کوئی صریح دلیل انکی عندیہ میں قائم ہوجاتی

قَالُوْا بِهٖ مُسْتَعِيْنِيْنَ بِاللّٰهِ مُتَوَكِّلِيْنَ عَلَيْهِ وَهٰذَا بَابُ نَادِرِ
تو اسکی قائل ہوجاتی اس حال میں کہ اللہ سے استعانت مانگتی اور اسی پر توکل کرتے اور اس قسم کا نادر

الْوُقُوْعِ صَعْبُ الْمُرْتَقٰى يَجْتَنِبُوْنَ مَزَالِقَهٗ أَشَدَّ اجْتِنَابٍ
نادر الوقوع سخت چڑھائی کا ہے اسکے پھسلن سے غایت درجہ کا اجتناب کرلیتی تھی اور

إِنْ لَّمْ يَقُمْ عِنْدَهُمْ دَلِيْلٌ صَرِيْحٌ اتَّبَعُوا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ
اگر انکی عندیہ میں کوئی دلیل صریح قائم نہولی تو انبوہ کثیر کا اتباع کرتے اور

أيّ مسئلةٍ ليس فيها تصريحٌ أو تعليلٌ صحيحٌ من السلف
جس مسئلہ میں سلف سے تصریح یا صحیح تعلیل نہوتی تو
استفرغوا الجهد في طلب نصٍّ أو إشارةٍ أو إيماءٍ من الكتاب
کتاب و سنت کی نص یا اشارہ یا ایما کی طلب میں
والسنّة أو أثرٍ من الصحابة والتابعين فإن وجدوا قالوا
یا صحابہ اور تابعین کے اثر کی تلاش میں محنت خوب صرف کرتے پھر اگر اسمیں سے کچھہ ملگیا تو اسکی
به وليس عندهم أن يقلّدوا عالمًا واحدًا في كلّ ما قال
قائل ہوجاتے اور انکی یہہ رای نہیں تھی کہ کسی ایک عالم کے جو وہ بیان کرے
اطمأنّت به نفوسهم أولا وإن كنت في ريبٍ ممّا ذكرنا
اسکی اطمینان خاطر ہو یا نہو مقلد بن جائیں اور اگر تجھکو ہمارے بیان میں شک ہو
فعليك بكتب البيهقي وكتاب معالم السنن وشرح السنّة
تو تجھکو لازم ہے کہ بیہقی کی کتابیں اور کتاب معالم السنن اور بغوی کی شرح السنہ کا مطا
للبغوي فهذه طريقة المحقّقين من فقهاء المحدّثين
کرے پس فقہا محدثین میں سے محققین کا یہہ طریقہ تھا
وقليلٌ ما هم وهم غير الظاهرية من أهل الحديث الذين
اور ایسی لوگ بہت تھوڑے ہیں اور یہ لوگ اہل حدیث میں سے اونسے جو کہ ظاہری ہیں اور
لا يقولون بالقياس ولا الإجماع وغير المتقدّمين من
قیاس کے قائل نہیں ہیں اور نہ اجماع کے اور متقدمین محدثین
أصحاب الحديث ممّن لم يلتفتوا إلى أقوال المجتهدين
سے جو کہ مجتہدین کے اقوال کے طرف اصلاً توجہہ نہیں کرتے الگ ہیں
أصلًا ولكنّهم أشبه الناس بأصحاب الحديث لأنّهم صنعوا في
ولیکن یہ لوگ اصحاب حدیث سے بہت مشابہ ہیں کیونکہ انہوں نے مجتہدین کے

اَقْوَالِ الْمُجْتَهِدِيْنَ مَا صَنَعَ اُولٰئِكَ فِيْ مَسَائِلِ الصَّحَابَةِ وَ

اقوال مین وہ ہی کیا ہے جو ان لوگون نے صحابہ و تابعین کے مسائل مین کیا

التَّابِعِيْنَ فَصْلٌ فِي الْمُجْتَهِدِ فِي الْمَذْهَبِ وَفِيْهِ مَسَائِلُ مَسْئَلَةٌ

تھا فصل مجتہد فی المذہب کی حال مین اور اس مین کئی مسئلے ہین مسئلہ

اِعْلَمْ اَنَّ الْوَاجِبَ عَلَى الْمُجْتَهِدِ فِي الْمَذْهَبِ اَنْ يُّحَصِّلَ مِنَ

یاد رکھ کہ مجتہد فی المذہب پر یہہ واجب ہی کہ سنن اور آثار مین سے

السُّنَنِ وَ الْاٰثَارِ مَا يَحْتَرِزُ بِهٖ مِنْ مُخَالَفَةِ الْحَدِيْثِ الصَّحِيْحِ

اتنی استعداد حاصل کرے کہ اسکے ذریعہ سے صحیح حدیث اور سلف کے

وَاتِّفَاقِ السَّلَفِ وَمِنْ دَلَائِلِ الْفِقْهِ مَا يَقْتَدِرُ بِهٖ عَلٰى

اتفاق کی مخالفت سی بچ جاوے اور فقہی دلائل مین سے اتنے کہ اسکے ذریعہ سی اپنی اساتذہ

مَعْرِفَةِ مَاٰخَذِ اَصْحَابِهٖ فِيْ اَقْوَالِهِمْ وَهُوَ مَعْنٰى مَا فِي الْفَتَاوٰى

کے اقوال کے ماخذ کی معرفت پر قادر ہو جاوی اور یہ ہی مراد ہی اوس قول سے جو فتاوی

السِّرَاجِيَّةِ لَا يَنْبَغِيْ لِاَحَدٍ اَنْ يُّفْتِيَ اِلَّا اَنْ يَّعْرِفَ اَقَاوِيْلَ

سراجیہ مین ہی یعنے کسیکو مناسب نہین کہ فتوی دیا کری مگر اسوقت کہ علما کی اقاویل سے

الْعُلَمَاءِ وَيَعْلَمَ مِنْ اَيْنَ قَالُوْا وَيَعْرِفَ مُعَامَلَاتِ النَّاسِ فَاِنْ

واقف ہو جاوے کہ وہ کہان سے کہتے ہین اور لوگون کے معاملات سی واقف ہو جاوی پس اگر

عَرَفَ اَقَاوِيْلَ الْعُلَمَاءِ وَلَمْ يَعْرِفْ مَذَاهِبَهُمْ فَاِنْ سُئِلَ

علماء کی اقاویل کو جان لیوے اور انکے مذاہب سی واقف نہوا پھر اگر اوس سی ایسا

عَنْ مَسْئَلَةٍ يَعْلَمُ اَنَّ الْعُلَمَاءَ الَّذِيْنَ يَنْتَحِلُ مَذْهَبَهُمْ

مسئلہ پوچھین کہ یہ جانتا ہو کہ ان علماء نے جنکا اوسنے مذہب اختیار کر رکھا ہی

قَدِ اتَّفَقُوْا عَلَيْهِ فَلَا بَاْسَ بِاَنْ يَّقُوْلَ هٰذَا جَائِزٌ وَّهٰذَا لَا يَجُ

اس پر بلاشک اتفاق کیا ہی تو کچھ ڈر نہین ہی کہ یہ کہدے کہ یہ جائز ہی اور یہ نہین جائز ہے

وَيَكُوْنُ قَوْلُهٗ عَلٰى سَبِيْلِ الْحِكَايَةِ وَاِنْ كَانَتْ مَسْئَلَةً

اور اسکا یہ قول برسبیل حکایت ہووے گا اور اگر مسئلہ ایسا ہو کہ

قَدِ اخْتَلَفُوْا فِيْهَا فَلَا بَأْسَ بِاَنْ يَقُوْلَ هٰذَا جَائِزٌ فِيْ قَوْلِ

علماء نے اس میں اختلاف کیا ہے تو کچھ ڈر نہیں ہے کہ کہدے یہہ فلانے کی قول میں جائز ہے

فُلَانٍ وَفِيْ قَوْلِ فُلَانٍ لَا يَجُوْزُ وَلَيْسَ لَهٗ اَنْ يَّخْتَارَ فَيُجِيْبَ بِقَوْ

اور فلانے کے قول میں جائز نہیں ہے اور اسکو یہہ اختیار نہیں کہ ایک جانب کو اختیار کر لے اور کسی ایک کی

لِ بَعْضِهِمْ مَا لَمْ يَعْرِفْ حُجَّتَهُمْ وَفِيْ فُصُوْلِ الْعِمَادِيَّةِ فِي الْفَصْلِ

قول کا جواب دیدے جب تک انکی حجت سے واقف نہو اور فصول عمادیہ کے پہلے فصل میں یہ ہے

الْاَوَّلِ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ مِّنْ اَهْلِ الْاِجْتِهَادِ لَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يُّفْتِيَ

اور اگر اجتہاد والا نہو تو اسکو یہ حلال نہیں ہے کہ فتوی دیا کرے

اِلَّا بِطَرِيْقِ الْحِكَايَةِ فَيَحْكِيْ مَا يَحْفَظُ مِنْ اَقْوَالِ الْفُقَهَاءِ وَ

ہاں بطریق حکایت فتوی دے تو وہی بس فقہاء کی اقوال میں جو یاد رکھتا ہو بیان کر دے اور

عَنْ اَبِيْ يُوْسُفَ وَزُفَرَ وَعَافِيَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّهُمْ قَالُوْا لَا يَحِلُّ

ابو یوسف اور زفر اور عافیہ بن زید سے منقول ہے کہ وہ کہتے ہے کسیکو حلال نہیں ہے

لِاَحَدٍ اَنْ يُّفْتِيَ بِقَوْلِنَا مَا لَمْ يَعْلَمْ مِنْ اَيْنَ قُلْنَا وَفِيْهَا اَيْضًا

کہ ہماری قول کا فتوی دیوے جبتک یہ خبر نہو کہ ہمنے کہاں سے کہا ہی اور فصول عمادیہ میں یہی

عَنْ بَعْضِهِمْ قَالُوْا لَوْ اَنَّ الرَّجُلَ حَفِظَ جَمِيْعَ كُتُبِ اَصْحَابِنَا

بعضوں سے منقول ہے کہ کہتے ہیں اگر کوئی شخص ہماری اصحاب کی تمام کتابیں یاد کرے تو بھی ضرور ہی

لَا بُدَّ اَنْ يَّتَلَمَّذَ لِلْفَتْوٰى حَتّٰى يَهْتَدِيَ اِلَيْهِ لِاَنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْمَسَائِلِ

کہ فتوی کیواسطے شاگردی کرے تا کہ فتوی دینا آجاوی اس لیئے اکثر مسائل ہیں

اُجِيْبَ عَنْهَا اَصْحَابُنَا عَلٰى عَادَةِ اَهْلِ بَلَدِهِمْ وَمُعَامَلَاتِهِمْ

ہماری اصحاب نے اپنی شہروں کی عادت اور معاملات کی موافق جواب دیا ہے

فينبغي لكلّ مفتي ان ينظر الى عادة اهل بلده وزمانه

سو ہر ایک مفتی کو مناسب ہے کہ اپنی شہر اور زمانہ کے لوگون کے عادت کو لحاظ کرے

فيما لا يخالف الشريعة في عمدة الاحكام من المحيط فاما

جہان کہ شریعت کی مخالف نہین ہے محیط مین سے عمدۃ الاحکام مین ہے پس رہے

اهل الاجتهاد من يكون عالما بالكتاب والسنّة و

اہل اجتہاد سو وہ ہین جو کتاب اور سنت اور

الآثار ووجوه الفقه ومن الخانية نقل عن بعضهم

آثار اور فقہ کی توجیہات کی عالم ہون اور خانیہ مین بعضون سی منقول ہے

لا بدّ للاجتهاد من حفظ المبسوط ومعرفة الناسخ و

اجتہاد کیواسطے مبسوط کا یاد رکہنا اور ناسخ اور

المنسوخ والمحكم والمأوّل والعلم بعادات الناس وعرفهم

منسوخ اور محکم اور ماول کی معرفت اور لوگون کی عادات اور عرف کی آگاہی ضرور ہے

في السراجية قيل ادنى الشروط للاجتهاد حفظ المبسوط

سراجیہ مین ہی لکہتی ہین کہ اجتہاد کی شرطون مین سی کم سے کم مبسوط کا یاد رکہنا ہے یہ

ذكر هذه الروايات في خزانة المفتين اقول هذه العبارات

روایات خزانۃ الروایات مین مذکور ہین مین کہتا ہون کہ ان عبارتون کے

معناها الفرق بين المفتي الذي هو صاحب تخريج وبين

معنے فرق کرنا اوس مفتی مین جو تخریج کرتا ہے اور اوس

المفتي الذي هو متبحّر في مذهب اصحابه يفتي على سبيل

مفتی مین جو اپنی اساتذہ کی مذہب مین متبحر ہو کہ بسبیل حکایت فتوی

الحكاية لا على سبيل الاجتهاد مسئلة اعلم انّ القاعدة

دیتا ہو بسبیل اجتہاد نہین مسئلہ سمجھ لے کہ فقہا

عِندَ مُحَقِّقِي الفُقَهَاءِ اَنَّ المَسَائِلَ عَلَى اَربَعَةِ اَقسَامٍ قِسمٌ تَقَرَّرَ
محققین کے نزدیک قاعدہ یہہ ہی کہ مسائل چار قسم پر ہین ایک قسم یہہ ہے

فِي ظَاهِرِ المَذهَبِ وَحُكمُهُ اَن يَقبَلُوهُ عَلَى كُلِّ حَالٍ اَفَقَت
کہ جو ظاہر مذہب مین ٹہیر گیا ہے اسکا حکم یہہ ہے کہ بہر حال اسکو قبول کرین اصول کے

الاُصُولَ اَو خَالَفَت وَلِذَالِكَ تَرَى صَاحِبَ الهِدَايَةِ وَغَيرَهُ
موافق ہو یا مخالف اور اسیواسطی مصنف ہدایہ وغیرہ کو تو دیکھتا

يَتَكَلَّفُونَ بَيَانَ الفَرقِ فِي مَسَائِلِ التَّجنِيسِ وَقِسمٌ هُوَ
ہے کہ تجنیس کے مسائل مین فرق تکلف سی بیان کرتے ہین اور ایک قسم

رِوَايَةٌ شَاذَّةٌ عَن اَبِي حَنِيفَةَ رح وَصَاحِبَيهِ وَحُكمُهُ
وہ جنکی امام ابوحنیفہ رح اور صاحبین سے شاذ روایت ہی اوسکا حکم یہہ ہے

اَن لَا يَقبَلُوهُ اِلَّا اِذَا وَافَقَ الاُصُولَ وَكَمَا فِي الهِدَايَةِ وَ
کہ مسلم نرکہین مگر اس صورت مین کہ اصول سے موافق ہو اور ہدایہ

غَيرِهَا مِن تَصحِيحِ بَعضِ الرِّوَايَاتِ الشَّاذَّةِ لِحَالِ الدَّلِيلِ
وغیرہ مین بعضے روایات شاذہ کی تصحیح دلیل کی امداد سے بہت ہی اور

قِسمٌ هُوَ تَخرِيجٌ مِنَ المُتَاَخِّرِينَ اتَّفَقَ عَلَيهِ جُمهُورُ الاَصحَابِ
ایک قسم متاخرین نے ایسی تخریج کی کہ اوس پر جمہور اصحاب متفق ہین اسکا

وَحُكمُهُ اَنَّهُم يُفتُونَ بِهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ وَقِسمٌ هُوَ تَخرِيجٌ
حکم یہہ ہی کہ اسپر بہر حال فتوی دیتے ہین اور ایک قسم وہ جو متاخرین کے ایسی

مِنهُم لَم يَتَّفِق عَلَيهِ جُمهُورُ الاَصحَابِ فَحُكمُهُ اَن يَعرِضَهُ
تخریج ہو کہ اسپر جمہور اصحاب متفق نہین ہین اس کا حکم یہ ہے کہ

المُفتِي عَلَى الاُصُولِ وَالنَّظَائِرِ مِن كَلَامِ السَّلَفِ فَاِن وَجَدَ
مفتی اسکو اصول اور نظائر پر سلف کی کلام مین سی مطابق کرے پہر اگر اوسکے

موافقا لها اخذ به والا تركه في خزانة الروايات نقلا

موافق نکلے تو اختیار کرے نہیں تو چھوڑ دے خزانۃ الروایات میں نقل

عن بستان الفقيه ابي الليث في باب الاخذ عن الثقات

ابو اللیث کی بستان باب الاخذ عن الثقات میں سے منقول ہے

ولو ان رجلا سمع حديثا او سمع مقالة فان لم يكن القائل

اور اگر کسی شخص نے حدیث سنے یا کسی کا مقولہ سنا پس اگر قائل ثقہ نہیں

ثقة فلا يسعه ان يقبل منه الا ان يكون قولا يوافق

ہے تو اسکو روا نہیں ہے کہ اوسے تسلیم کرے تا ان اگر وہ قول اصول کے

الاصول فيجوز العمل به والا فلا وكذا لو وجد حديثا

موافق ہو تو عمل اسپر جائز ہی اور نہیں تو جائز نہیں اور ایسی ہی اگر کسی نے حدیث یا

مكتوبا او مسئلة فان كان موافقا للاصول جاز ان

کوئی مسئلہ لکھا ہوا دیکھا تو وہ اگر اصول کے موافق ہو تو اسپر عمل جائز

يعمل به والا فلا وفي البحر الرائق عن ابي الليث قال سئل

ہے اور نہیں تو جائز نہیں اور بحر الرائق میں ابو اللیث سے یہ کہتا ہی

ابو نصر عن مسئلة وردت عليه ما تقول رحمك الله

ابو نصر سے ایک مسئلہ پوچھا کہ اوسپر پیش ہوا تھا کیا کہتے ہو خدا تمپر رحمت کرے

تعالى وقعت عندك كتب اربعة كتاب ابراهيم بن

تمہاری پاس چار کتابیں ہیں ابراہیم بن

